1983-2023
40 Years of Service

# نیوز بلیٹن

شمارہ: 22
جولائی تا ستمبر 2023ء




اے او اے کے افتتاحی اجلاس کے شرکاء کا گروپ فوٹو (11 ستمبر 2023ء)

## وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی اے او اے کے بلا مقابلہ صدر منتخب ہو گئے

### کازان (تتارستان) میں ایشین امبڈسمن ایسوسی ایشن کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں انتخاب عمل میں آیا

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی ایشین امبڈسمن ایسوسی ایشن (اے او اے) کے دوسری بار بلا مقابلہ صدر منتخب ہو گئے ہیں۔ اے او اے کی جنرل اسمبلی کا سترواں (17) اجلاس 11 ستمبر 2023ء کو تتارستان کے دارالحکومت کازان میں منعقد ہوا جس میں اے او اے کے صدر کے علاوہ دیگر عہدیداران کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔ اجلاس میں آذربائیجان، ہانگ کانگ اور ایران کے محتسبین کو تنظیم کا بالترتیب نائب صدر، سیکرٹری اور خزانچی جب کہ چین، جاپان، کوریا، تتارستان اور ترکی کے محتسبین کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کا رکن منتخب کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ (اے او اے) کے بورڈز آف ڈائریکٹرز کا اگلا اجلاس 2024ء میں استنبول (ترکی) میں جب کہ جنرل اسمبلی کا اجلاس 2025ء میں چین میں ہوگا۔ واضح رہے کہ ایشین امبڈسمن ایسوسی ایشن (اے او اے) ایشیاء کے محتسبین کی ایک غیر سیاسی، آزاد اور خود مختار تنظیم ہے جو دنیا کی دو تہائی آبادی کی نمائندگی کرتی ہے اور ایشیائی محتسبین کے 44 ادارے اس کے رکن ہیں۔ اے او اے کا صدر دفتر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ اسلام آباد میں واقع ہے۔ اے او اے کا قیام 16-15 اپریل 1996ء کو اسلام آباد میں منعقدہ ایشیاء کے محتسبین کی پہلی کانفرنس کے دوران عمل میں آیا۔ پاکستان نے اے او اے کے قیام میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ 1996ء سے لے کر اب تک ایک دورانیے کے علاوہ اے او اے کے صدر کا منصب پاکستان کے پاس رہا ہے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اے او اے کا صدر منتخب ہونے کے بعد جنرل اسمبلی سے خطاب کے دوران پاکستان پر اعتماد اور گڈ گورننس کے قیام نیز قانون کی حکمرانی کے لئے پاکستان کے کردار کے اعتراف پر جنرل اسمبلی کا شکریہ ادا کیا۔ جنرل اسمبلی کے اجلاس کے بعد ''قومی اور بین الاقوامی سطح پر محتسب کے موثر کردار'' کے موضوع پر ایک بین الاقوامی کانفرنس منعقد ہوئی جس میں بین الاقوامی تنظیموں کے وفود اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے کانفرنس سے اپنے خطاب میں قانون کی حکمرانی، گڈ گورننس کے قیام اور انصاف کی فراہمی کے لئے محتسب کے کردار پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ محتسب کے اداروں کے حقیقی مقاصد حاصل کرنے اور عوامی توقعات پر پورا اترنے کے لئے ان اداروں کے درمیان باہمی روابط اور برادرانہ تعلقات استوار ہونے چاہئیں۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ پاکستان میں احتساب کے ادارے بہت مضبوط ہیں۔ وفاقی محتسب کے ادارے کا قیام 24 جنوری 1983ء کو عمل میں آیا جس کے بعد متعدد سرکاری شعبوں جیسے ٹیکس، بینکنگ، انشورنس اور خواتین کو ہراساں کرنے کے خلاف محتسب کے ادارے قائم ہو چکے ہیں۔ وفاقی محتسب کا



ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے افتتاحی اجلاس کا ایک منظر (11 ستمبر 2023ء)

ادارہ اپنے قیام سے لے کر آج تک گزشتہ چالیس برسوں کے دوران وفاقی سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف 19 لاکھ سے زائد شکایات کا ازالہ کر چکا ہے۔ گزشتہ برس ایک لاکھ 64 ہزار 173 شکایات نمٹائی گئیں جب کہ رواں سال کے پہلے آٹھ ماہ کے دوران شکایات کی تعداد 123519 تک پہنچ گئی ہے اور توقع ہے کہ سال کے اختتام تک یہ تعداد ایک لاکھ 85 ہزار سے بڑھ جائے گی۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ محتسب کے اداروں کے قیام کا اصل مقصد عام لوگوں کے بنیادی حقوق کی حفاظت اور تمام شعبہ ہائے حیات میں اچھی حکومت کا قیام ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان خطہ کے عوام کی فلاح کے لئے اپنے تجربات محتسب کے عالمی اداروں کے ساتھ شیئر کرنے کو ہمہ وقت تیار ہے۔

## وفاقی محتسب نے پیسکو کا ناجائز جرمانہ ختم کر دیا

مراد پور ضلع مانسہرہ کے محمد فاروق اعوان نے وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر ایبٹ آباد میں درخواست دائر کی کہ پیسکو نے اس کے گھر کے میٹر کو اتار ا اور پھر اپنے ہی قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اس پر -/65000 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کر دیا۔ کیس کی سماعت کے بعد وفاقی محتسب نے جرمانہ ختم کرنے کا فیصلہ دیا تو محکمے نے اس فیصلہ کے خلاف صدر پاکستان کو اپیل کر دی جو صدر پاکستان نے خارج کر دی مگر اس کے باوجود پیسکو کی جانب سے اقساط میں جرمانہ کی رقم بل میں آتی رہی۔ شکایت کنندہ نے دوبارہ وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر کے انچارج عبدالغفور بیگ سے رابطہ کیا تو اس کے ایکشن لینے پر جرمانہ مبلغ -/65000 روپے ختم کر دیا گیا جس پر شکایت گزار نے وفاقی محتسب کو شکریہ کا خط ارسال کر کے انہیں ڈھیروں دعائیں دی ہیں۔

## وفاقی محتسب کی چلڈرن کمشنر کا دورہ کوئٹہ

### بچوں کے تحفظ کے حوالے سے سیمینار میں شرکت

وفاقی محتسب کی سینئر ایڈوائزر برائے بیرون ملک پاکستانیز اور گریونس کمشنر برائے اطفال ایمبیسڈر (ریٹائرڈ) فوزیہ نسرین نے 25 سے 28 ستمبر 2023ء تک کوئٹہ کا دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے بچوں کے تحفظ کے حوالے سے ایک سیمینار میں شرکت کی۔ انہوں نے بچوں کے مسائل، حقوق اور بچوں کے تحفظ کے حوالے سے بلوچستان یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی اینڈ انجینئرنگ مینجمنٹ سائنسز میں ایک لیکچر بھی دیا نیز سوشل ویلفیئر کے صوبائی سیکرٹری عمران آفریدی کے ساتھ ملاقات کر کے بچوں کے سائبر کرائمز کی روک تھام کے لئے اٹھائے گئے اقدامات پر گفتگو کی۔ سینئر ایڈوائزر نے کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹریز میں ایک اجلاس کی صدارت بھی کی جس میں وومن چیمبر آف کامرس اور سمال انڈسٹریز کی صدر مس شرمین یونس، وفاقی محتسب علاقائی دفتر کوئٹہ کے انچارج غلام سرور بروہی، مختلف یونیورسٹیوں کی وائس چانسلرز اور مختلف تعلیمی اداروں کے نمائندہ افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے محترمہ فوزیہ نسرین نے کہا کہ کوئٹہ میں اسٹریٹ چلڈرن کی بہت بڑی تعداد ہے جنہیں نشے اور دیگر معاشرتی برائیوں سے بچانے کے لئے خصوصی اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کوئٹہ ائیرپورٹ پر وفاقی محتسب کی طرف سے قائم کردہ بیرون ملک پاکستانیوں کے یکجا سہولیاتی ڈیسک کا بھی دورہ کیا اور متعلقہ حکام سے میٹنگ کر کے اوورسیز پاکستانیوں کو فراہم کی جانے والی سہولتوں کے تجزیے پر مبنی ایک مفصل رپورٹ بھی تیار کی۔



وفاقی محتسب کی سینئر ایڈوائزر اور گریونس کمشنر برائے اطفال ایمبیسڈر (ریٹائرڈ) فوزیہ نسرین کا کوئٹہ ائیرپورٹ کے دورہ کے دوران مختلف ایجنسیوں کے نمائندوں کے ہمراہ گروپ فوٹو (28 ستمبر 2023ء)

# وفاقی محتسب نے نیسپاک کے ملازم کو تنخواہ اور سابق فوجی کو پنشن دلا دی

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی مداخلت سے نیسپاک کے ایک ملازم کو تنخواہ مل گئی۔ وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر ایبٹ آباد میں نیسپاک کے اہلکار فراز مصطفیٰ نے تنخواہ کی بلاوجہ تاخیر اور بندش سے متعلق شکایت دائر کی جس پر فوری کارروائی کرتے ہوئے نیسپاک کو نوٹس جاری کیا گیا تاکہ شکایت گزار کو تنخواہ کی فی الفور ادائیگی ممکن ہو۔ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ایبٹ آباد کے انچارج عبدالغفور بیگ کی جانب سے نوٹس جاری ہونے کے بعد محکمہ نے شکایت کنندہ کو تنخواہ جاری کردی۔ شکایت کنندہ نے تنخواہ کی وصولی کے بعد وفاقی محتسب کے ادارے اور بالخصوص جناب عبدالغفور بیگ صاحب کا شکریہ ادا کیا جن کی کاوشوں سے ایک سرکاری اہلکار کو رکی ہوئی تنخواہ جاری ہوگئی۔

ایک اور کیس میں علاقائی دفتر ایبٹ آباد کی مداخلت سے آرمی کے ایک ریٹائرڈ ملازم کو پنشن کا حق مل گیا۔ آرمی کے ایک ریٹائرڈ ملازم صوبیدار خان گل نے کنٹرولر ملٹری اکاؤنٹس لاہور کے خلاف ستمبر 2022ء کی پنشن میں بلاوجہ تاخیر سے متعلق شکایت دائر کی جس پر فوری کارروائی کرتے ہوئے کنٹرولر ملٹری اکاؤنٹس لاہور کو نوٹس جاری کیا گیا۔ نوٹس موصول ہونے کے فوری بعد کنٹرولر ملٹری اکاؤنٹس لاہور نے اپنے مراسلہ نمبر Pen/Coord/184/Misc/348 مورخہ 05 ستمبر 2023ء کے مطابق شکایت کنندہ صوبیدار خان گل کو پنشن کی مد میں مبلغ -/329,470 روپے جاری کر دیئے ہیں۔ جس پر شکایت کنندہ صوبیدار خان گل نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا ہے۔


ایک اور کیس میں شکایت گزار شہاب الدین نے درخواست دی کہ وہ مانسہرہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی سے ریٹائرڈ ہوئے لیکن ایک سال سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود اسے پنشن نہیں دی گئی۔ علاقائی دفتر ایبٹ آباد نے اس کیس پر کارروائی کی اور شکایت گزار کو بیس دن کے اندر 28 لاکھ 34 ہزار 240 روپے مل گئے جس پر اس نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا ہے۔


**برائے رابطہ:**

ایڈوائزر (میڈیا): 051-9217259

کنسلٹنٹ (میڈیا): 051-9217232

ای میل: pro2w.mohtasib@gmail.com

# وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا پیغام

قارئین کرام! اس سال کی تیسری سہ ماہی (جولائی تا ستمبر 2023ء) کا نیوز بلیٹن آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اللہ تعالیٰ کے خاص فضل و کرم سے ایشین امبڈ سمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کی جنرل اسمبلی کے 24 ویں اجلاس منعقدہ کازان تاتارستان کے دوران پاکستان کے وفاقی محتسب کو ایک بار پھر اے او اے کا صدر منتخب کر لیا گیا جو بلاشبہ وفاقی محتسب کے ادارے کے ساتھ ساتھ پاکستان کے لئے بھی ایک بہت بڑا اعزاز اور ایشیائی ممالک کے 44 محتسبین کا پاکستان کے وفاقی محتسب پر اعتماد کا مظہر ہے۔ اے او اے کے صدر کی حیثیت سے اب یہ میری اولین اور سب سے اہم ذمہ داری ہے کہ میں محتسب کے تصور کو اجاگر کرتے ہوئے حکومتی عہدداروں میں اچھے نظم و نسق کے قیام اور قانون کی حکمرانی کے لئے اپنی کوششیں بروئے کار لاؤں۔ جنرل اسمبلی کے اجلاس کے دوران رکن ممالک کی طرف سے وفاقی محتسب پاکستان کے کام اور کارکردگی کو بڑے پیمانے پر سراہا گیا۔ قبل ازیں 2023ء کے نیوز بلیٹن کے دو شماروں میں، میں نے اس عزم کا اظہار کیا تھا کہ اس ادارے کی خدمات اور کارکردگی کو خوب سے خوب تر بنانے کے لئے اس کے معیار اور خدمات پر توجہ دی جائے گی۔ اللہ کا شکر ہے کہ فوری اور مفت انصاف فراہم کرنے کے لئے ہماری صلاحیتوں اور کام پر عوام الناس کو مکمل اعتماد ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے ہاں شکایات میں ہر سال اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ گزشتہ برس شکایات کی تعداد 164,173 تھی جبکہ 157,798 شکایات کے فیصلے کئے گئے جس کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ اب تک اس سال کے پہلے نو ماہ (جنوری تا ستمبر) کے دوران 138,763 شکایات رجسٹر ہو چکی ہیں اور توقع ہے کہ اس سال کے اختتام تک یہ تعداد ایک لاکھ 85 ہزار سے تجاوز کر جائے گی۔ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں بیرون ملک پاکستانیوں کی شکایات کے ازالے کے لئے الگ سے ایک گریونس کمشنر سیل 2015ء سے کام کر رہا ہے جہاں سے اس سال کے دوران اب تک 155,962 اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل حل کئے گئے۔ ہم نے اپریل 2022ء میں فریقین کے مابین تنازعات کے غیر رسمی حل کا ایک پروگرام Informal Resolution of Dispute (IRD) کے نام سے شروع کیا جس کے تحت 30 ستمبر تک 2706 شکایات آئیں جن میں سے 2440 شکایات کے فیصلے کئے جا چکے ہیں جبکہ 266 شکایات پر کارروائی جاری ہے۔ وفاقی محتسب میں بڑی تعداد میں آنے والی شکایات ان اقدامات کا نتیجہ ہیں جو وفاقی محتسب کی طرف سے اٹھائے گئے ہیں۔ جن میں غریب پاکستانیوں کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنے کے لئے ہمارے افسران کا چھوٹے قصبات میں خود جا کر شکایات کی سماعت کرنا، کھلی کچہریوں کا انعقاد، سرکاری دفاتر کے معائنے اور Informal Resoltuion of Dispute(IRD) پروگرام جیسے اقدامات شامل ہیں۔ شکایات کی بڑھتی ہوئی تعداد کے باوجود اس حقیقت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ اس ادارے کے مینڈیٹ، اس کے کام اور اس کے دائرہ کار سے عوام کی ایک بہت بڑی تعداد اب بھی آگاہ نہیں۔ عوام الناس کے اندر ادارے کے بارے میں آگاہی کی اہمیت کے ساتھ ساتھ ہم سمجھتے ہیں کہ اس ادارے کا سب سے موثر ہتھیار اس کا کام اور فوری انصاف کی فراہمی ہے۔ ہماری کوشش ہوگی کہ پاکستان کے عام شہریوں کا وفاقی محتسب کے ادارے پر اعتماد اسی طرح قائم رہے اور ہم انہیں زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرتے رہیں۔

## وفاقی محتسب علاقائی دفاتر میں

# وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد میں سرکاری ادارے کوتاہی نہ کریں، اعجاز احمد قریشی

## توقع ہے سال 2023ء میں شکایات کی تعداد ایک لاکھ 85 ہزار سے بڑھ جائے گی

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی اپنے علاقائی دفاتر کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے گاہے گاہے ان دفاتر کے دورے کرتے رہتے ہیں، جہاں وہ اپنے علاقائی دفاتر کے افسران کے ساتھ ساتھ وفاقی حکومت کے اداروں کے مقامی سربراہان سے بھی ملتے ہیں نیز میڈیا اور علاقے کے معززین کے ساتھ



وفاقی محتسب علاقائی دفتر پشاور کے دورہ کے دوران ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں (4 اگست 2023ء)

بھی ملاقاتیں کرتے ہیں۔

04 اگست کو وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پشاور کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے سرکاری افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے افسران دور دراز علاقوں میں جاکر عوام الناس کو مفت ریلیف دے رہے ہیں۔ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد میں کوتاہی اور تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، ہم سب پبلک سرونٹ ہیں، غریب آدمی کے جائز مسائل حل کرنا ہمارا فرض ہے اس کے لئے محکموں کو موثر نظام وضع کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب میں شکایات کی تعداد ہر سال مسلسل بڑھ رہی ہے، جو وفاقی محتسب پر عوام الناس کے اعتماد کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے فیصلوں پر عملدرآمد کی شرح 80 فیصد سے زیادہ ہے، انہوں نے وفاقی سرکاری اداروں کے سربراہان کو ہدایت کی کہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے ایسے افسران کو سماعت کے لئے بھیجا جائے جو فیصلہ کرنے کے مجاز ہوں۔ انہوں نے وفاقی اداروں کے صوبائی سربراہان سے کہا کہ آپ اپنے اداروں میں شکایت کنندگان کی شکایات کے ازالے کا موثر نظام وضع کریں تاکہ زیادہ تر شکایات اداروں کے اندر ہی حل ہو جائیں ۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ ہم نے Informal Resolution of Dispute (IRD) کے نام سے ایک پروگرام شروع کر رکھا ہے جس کے تحت ثالثی اور مصالحتی انداز میں شکایات کو نمٹایا جاتا ہے، صوبہ خیبر پختونخواہ میں اس پروگرام کو بہت سراہا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کے پاس زیادہ تر شکایات غریب لوگوں کی آتی ہیں جو نہ عدالتوں میں جا سکتے ہیں اور نہ ہی وکیلوں کی بھاری فیسیں دے سکتے ہیں۔ یہاں ان کو مفت انصاف ملتا ہے۔ ان کے پنشن، انشورنس، نادرا کارڈ جیسے مسائل ہوتے ہیں، انہوں نے سرکاری افسران سے کہا ہے کہ آپ ان کے مسائل کو اپنے اداروں میں حل کر دیں تو ہمارے پاس شکایات کا بوجھ بھی کم ہوگا اور غریب لوگوں کی دعاؤں سے آپ کو جو اطمینان قلب حاصل ہوگا، اس کا کوئی نعم البدل نہیں۔ اجلاس میں تمام سرکاری اداروں کے سربراہان نے وفاقی محتسب کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

22 اگست 2023ء کو وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی علاقائی دفتر فیصل آباد کے دورہ پر پہنچے اور علاقائی دفتر میں اپنے ادارے کے افسران اور وفاقی اداروں کے سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کی صدارت کی۔ انہوں نے اس موقع پر فیصل آباد سے بھی فریقین کے درمیان تنازعات کو ثالثی اور مصالحتی انداز سے حل کرنے کا پروگرام آئی آر ڈی شروع کرنے کا اعلان کیا۔ وفاقی محتسب نے اپنے افسران کو ہدایت کی کہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔ قبل ازیں وفاقی محتسب کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ علاقائی دفتر فیصل آباد کے 84 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد ہو گیا ہے۔ وفاقی محتسب نے اس کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی سرکاری اداروں کے تعاون سے ہمیں یہ مقصد حاصل کرنے میں کامیابی ہوئی ہے اور اس سلسلے کو جاری رہنا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب میں شکایات کو ثالثی اور مصالحتی انداز میں نمٹانے کا پروگرام آئی آر ڈی اپریل 2022ء میں کچھ دفاتر میں شروع کیا گیا جو بہت کامیاب رہا اور جس سے غریب لوگوں کے بہت سے مسائل حل ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ علاقے کے عوام کی آسانی کے لئے کسی خرچ کے بغیر آئی آر ڈی کے اس پروگرام کو اب فیصل آباد سے بھی شروع کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ IRD پروگرام کے تحت اب تک 2275 کیس حل کئے جا چکے ہیں جب کہ 127 کیسوں پر کارروائی جاری ہے۔

23 اگست 2023ء کو وفاقی محتسب بہاولپور پہنچے جہاں ایک اجلاس کے دوران انہوں نے اپنے ادارے کے انوسٹی گیشن افسران کو ہدایت کی کہ فیصلوں پر عملدرآمد کو کم سے کم وقت



وفاقی محتسب فیصل آباد کے دورہ کے دوران ٹرانسجنڈرز کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے۔ (23 اگست 2023ء)

میں یقینی بنانے کے لئے اقدامات اٹھائیں، فیصلوں پر عملدرآمد میں تاخیر کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بہاولپور میں 76 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد ہوا ہے لیکن بہتری کی گنجائش موجود ہے۔ انہوں نے آئی آر ڈی پروگرام کے تحت بہاولپور کے افسران کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ علاقائی دفتر بہاولپور میں آئی آر ڈی پروگرام کامیاب جا رہا ہے۔ انہوں نے اپنے افسران کو ہدایت کی کہ آئی آر ڈی کیسز کا بھی ساٹھ دن کے اندر فیصلہ ہو جانا چاہیئے۔ قبل ازیں بہاولپور علاقائی دفتر کے نئے سربراہ اعجاز احمد لون نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کو ایک بریفنگ کے دوران بتایا کہ بہاولپور میں شکایات میں 20.26 فیصد اور فیصلوں میں 24.68 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ وفاقی محتسب نے اس کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ علاقہ کے غریب عوام کے مسائل کے حل کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھیں۔

## وفاقی محتسب کی مداخلت سے

## 100 مزدوروں کو پانچ ماہ کی تنخواہ مل گئی

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی مصالحتی کوششوں کے نتیجے میں ملتان الیکٹرک سپلائی کمپنی (میپکو) میں روزانہ کی بنیاد پر کام کرنے والے 100 سے زائد مزدوروں کو ٹھیکیدار نے پانچ ماہ کی تنخواہ ادا کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق محمد ذیشان نامی ایک مزدور نے اپنے 33 دیگر ساتھی مزدوروں کے ہمراہ وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر ملتان میں درخواست دی کہ ''علی اعظم انٹر پرائز'' نامی کمپنی کا ایک ٹھیکیداران سے پانچ ماہ سے کام کروا رہا ہے لیکن انہیں اس دوران تنخواہ نہیں دی گئی جس کی وجہ سے وہ کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں۔ وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر ملتان کے سینئر انوسٹی گیشن افسر محمد زاہد نے تنازعات کو حل کرنے کے غیر رسمی پروگرام آئی آر ڈی کے تحت فریقین کو اپنے دفتر طلب کر کے معاملے کی چھان بین کی تو مذکورہ ٹھیکیدار نے 26 جون 2023ء تک ڈیرہ غازی خان، کوٹ چھٹہ اور راجن پور کے تمام مزدوروں کو ادائیگی کرنے کی یقین دہانی کرائی چنانچہ عیدالاضحیٰ سے دو دن قبل ٹھیکیدار نے 100 سے زائد مزدوروں کو ان کی پانچ ماہ کی تنخواہ تقریباً پچاس لاکھ روپے ادا کر دی، جس پر ان غریب مزدوروں نے افہام و تفہیم اور بات چیت سے ان کا مسئلہ حل کروانے پر وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا ہے۔

## وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کا دورہ

## اتھارٹی زیر تکمیل منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کرے اور الاٹیوں کی سنیارٹی لسٹ ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرے، وفاقی محتسب

### معائنہ ٹیم نے افسران اور الاٹیوں کے ساتھ ملاقاتیں کر کے ان کی شکایات سنیں اور مسائل کا جائزہ لیا

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (ایف جی ای ایچ اے) کے خلاف کثیر تعداد میں شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق، ڈپٹی ایڈوائزر پرویز حلیم، کنسلٹنٹ خالد سیال، سینئر انوسٹی گیشن افسر عدنان احمد اور ایسوسی ایٹ رابطہ افسر فاطمہ بنت اقبال پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم تشکیل دے کر شکایات کا جائزہ لینے کے لئے ایف جی ای ایچ اے بھیجی۔ ٹیم نے حقیقی صورتحال جاننے کے لئے اتھارٹی کے اعلیٰ افسران کے ساتھ میٹنگ کے علاوہ موقع پر موجود کسٹمرز اور شکایت کنندگان سے بھی ملاقات کر کے ان کی شکایات سنیں اور مسائل کا جائزہ لیا۔ کمیٹی نے اپنی ابتدائی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کر دی ہے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کے سربراہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ اتھارٹی کے زیر تکمیل تمام منصوبوں کو مکمل کرنے کا ٹائم فریم دیں نیز مختلف اسکیموں میں الاٹیوں کی مکمل سنیارٹی لسٹ فوری طور پر اتھارٹی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کریں۔



وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کے دورہ کے دوران ایک شکایت گزار سے گفتگو کرتے ہوئے (16 اگست 2023ء)

دورے کے دوران معائنہ ٹیم نے اس بات کا نوٹس لیا کہ اتھارٹی کے لائف اسٹائل اپارٹمنٹس G-13، بہارہ کہو ہاؤسنگ اسکیم، پارک روڈ ہاؤسنگ اسکیم، گرین انکلیو-1، سکائی لینڈ اپارٹمنٹس، F-14 اور G-14 سمیت متعدد منصوبے زیر تکمیل ہیں جن کے غیر معمولی التواء کے باعث وہ کسٹمرز پریشان ہیں جنہوں نے اپنی چھت کے خواب میں پیسے جمع کرا رکھے ہیں لیکن کئی سالوں سے انہیں محض وعدوں پر ٹرخایا جا رہا ہے۔ کمیٹی نے دورہ کے دوران استقبالیہ پر تمام ہدایات اردو میں آویزاں کرنے نیز کسٹمرز کی سہولت کے لئے دو نئے پرنٹرز فوری طور پر استقبالیہ کو فراہم کرنے کی ہدایات دیں۔ کمیٹی نے شکایت کنندگان سے ملاقات کر کے محسوس کیا کہ وہ اتھارٹی کے دفتری نظام سے مجموعی طور پر مطمئن ہیں۔ معائنہ ٹیم اپنی تفصیلی رپورٹ ایک ہفتہ کے اندر وفاقی محتسب کو پیش کرے گی۔



وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں (20 ستمبر 2023ء)

## وفاقی محتسب پاکستان محتسبین کے بین الاقوامی اداروں میں اہم کردار ادا کر رہا ہے

# وفاقی محتسب کا ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کا صدر منتخب ہونا پاکستان کے لئے اعزاز ہے

### وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی پریس کانفرنس

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے 20 ستمبر 2023ء کو وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں ایک پر ہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب پاکستان کا محتسب کے بین الاقوامی اداروں میں بہت نمایاں کردار ہے۔عالمی اداروں میں وفاقی محتسب کے کردار کو بہت سراہا جاتا ہے۔پچھلے ہفتے ہی پاکستان کے وفاقی محتسب کو ایشین امبڈسمن ایسوسی ایشن (اے او اے) کا بلا مقابلہ صدر منتخب کیا گیا ہے جو کہ پاکستان کے لئے اعزاز ہے۔اس بارے میں اے او اے کی جنرل اسمبلی کا سترہواں اجلاس تاتارستان کے دارالحکومت کازان میں منعقد ہوا جس میں اے او اے کے صدر کے علاوہ دیگر عہدیداران کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔قبل ازیں وفاقی محتسب باکو میں منعقد ہونے والے اے او اے کے اجلاس اور بنکاک میں انٹرنیشنل امبڈسمین انسٹی ٹیوٹ (آئی او آئی) میں بھی پاکستان کی بھرپور نمائندگی کر چکے ہیں۔ وفاقی محتسب میں رواں سال کے دوران آج تک ایک لاکھ 33 ہزار سے زائد شکایات آ چکی ہیں جب کہ ایک لاکھ 32 ہزار سے زائد شکایات کے فیصلے کئے جا چکے ہیں۔توقع ہے کہ اس سال کے اختتام تک یہ تعداد ایک لاکھ 85 ہزار سے بڑھ جائے گی۔ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے عملدرآمد ونگ بنایا گیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ ایشین امبڈسمن ایسوسی ایشن (اے او اے) ایشیاء کے محتسبین کی ایک غیر سیاسی، آزاد اور خودمختار تنظیم ہے جو دنیا کی دو تہائی آبادی کی نمائندگی کرتی ہے۔

اے او اے کا صدر دفتر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ اسلام آباد میں واقع ہے۔اے او اے کا قیام 16-15 اپریل 1996ء کو اسلام آباد میں منعقدہ ایشیاء کے محتسبین کی پہلی کانفرنس کے دوران عمل میں آیا۔انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ اپنے قیام سے لے کر آج تک گزشتہ چالیس برسوں کے دوران وفاقی سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف 19 لاکھ سے زائد شکایات کا ازالہ کر چکا ہے۔وفاقی محتسب نے کہا کہ محتسب کے اداروں کے قیام کا اصل مقصد عام لوگوں کے بنیادی حقوق کی حفاظت اور تمام شعبہ ہائے حیات میں اچھی حکومت کا قیام ہے۔انہوں نے کہا کہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے چھوٹے شہروں اور ملک کے دور دراز علاقوں میں کھلی کچہریوں کا آغاز کیا گیا ہے، ہمارے 19 علاقائی دفاتر تحصیلوں اور ضلعوں کی سطح پر کھلی کچہریاں لگا کر ملک بھر میں عوام کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کر رہے ہیں۔اس سال اب تک 2030 شکایات کھلی کچہریوں کے ذریعے نمٹائی گئی ہیں۔ اسی طرح معائنہ ٹیمیں ترتیب دی گئیں اور ایسے ادارے جن کے خلاف شکایات زیادہ تھیں وہاں پر ہمارے سینئر افسران پر مشتمل ٹیموں نے دورے کر کے لوگوں کی شکایات سنیں اور موقع پر ہی ہدایات جاری کیں نیز متعلقہ افسران سے میٹنگز کر کے نظام کی اصلاح کے لیے قابلِ عمل تجاویز دیں جس کے باعث دفتری طریقِ کار میں بہتری کے ساتھ ساتھ لوگوں کے مسائل حل ہونا شروع ہو گئے اور ان اداروں کے خلاف شکایات میں کمی آئی۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے بتایا کہ ہم نے 90 لاکھ کے لگ بھگ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی شکایات کے ازالے کے لیے باقاعدہ ایک ''شکایات کمشنر'' مقرر کر رکھا ہے جو بیرون ملک پاکستانیوں کی شکایات پر فوری کارروائی کر کے ان کے مسائل حل کر رہا ہے۔ علاوہ ازیں ہم نے ملک کے تمام بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر ''یکجا سہولیاتی ڈیسک'' قائم کر رکھے ہیں جہاں 12 متعلقہ اداروں کے ذمہ داران ہفتے کے ساتوں دن چوبیس گھنٹے موجود ہوتے ہیں اور موقع پر ہی شکایات کا ازالہ کرتے ہیں۔ اس سال ستمبر تک بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی کل 155,962 شکایات پر کارروائی کی جا چکی ہے۔




بینکاک میں آئی او آئی کے اجلاس کے دوران شرکاء کا گروپ فوٹو (10 جولائی 2023ء)

# وفاقی محتسب کی انٹرنیشنل امبڈسمین انسٹی ٹیوٹ کے بین الاقوامی سیمینار میں شرکت

## پاکستان میں محتسب کے اداروں کو حکومت اور عوام کی مکمل پذیرائی حاصل ہے، اعجاز احمد قریشی

وفاقی محتسب نے 10 جولائی 2023ء کو بنکاک میں انٹرنیشنل امبڈسمین انسٹی ٹیوٹ (آئی او آئی) کے زیر اہتمام ''گڈ گورننس کے قیام میں ایشین امبڈسمین کے کردار'' کے موضوع پر ایک بین الاقوامی سیمینار میں شرکت کی۔ آئی او آئی امبڈسمن (محتسبین) کی ایک بین الاقوامی تنظیم ہے۔ پوری دنیا سے جس کے ارکان کے تعداد 200 سے زیادہ ہے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ پاکستان کے شہریوں کو سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف مفت اور فوری انصاف فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے اور اس مقصد کے لئے پاکستان میں محتسب کے اداروں کو حکومت اور عوام کا بھرپور تعاون حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اداروں کی انتظامی زیادتیوں پر وفاقی محتسب کے اقدامات آئین کی حکمرانی، گڈ گورننس کے قیام اور انسانی حقوق کی پاسداری میں معاون ثابت ہو رہے ہیں۔ وفاقی محتسب نے سیمینار کے شرکاء کو بتایا کہ پاکستان میں وفاقی محتسب کے ادارے نے گزشتہ چالیس برسوں کے دوران بتدریج ترقی کی ہے اور شکایات کو نمٹانے کے نظام کو بہتر بنانے میں بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سال 2022ء میں سب سے زیادہ شکایات موصول ہوئیں جن کی تعداد 164,173 ہے جب کہ ایک لاکھ 57 ہزار 798 شکایات کے فیصلے کئے گئے۔ جس کی ماضی میں کوئی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے بتایا کہ رواں سال کے ابتدائی چھ ماہ کے دوران 90,660 شکایات آچکی ہیں جب کہ پہلے سے آنے والی شکایات کو ملا کر 92,387 شکایات کے فیصلے کئے گئے۔ وفاقی محتسب میں آنے والی شکایات کی اس بڑی تعداد سے محتسب کے ادارے پر عوام کے اعتماد کا پتہ چلتا ہے۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ پاکستان میں محتسب کے اداروں کی جڑیں مضبوط ہو چکی ہیں۔ حکومت اور عوام کا انہیں بھرپور تعاون حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ وینس ضوابط (2019ء)، پیرس ضوابط (1993) اور اقوام متحدہ کے ریز ولیوشن 77/224 دسمبر 2022ء میں مقرر کردہ معیار پر پورا اترتا ہے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی جو کہ ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشین (اے او اے) کے صدر بھی ہیں، نے اس موقع پر سیمینار میں شامل اے او اے کے ممبران کی ایک غیر رسمی میٹنگ کی صدارت بھی کی۔ انہوں نے اس عزم کو دہرایا کہ اے او اے کے ممبر ممالک آئین کی بالادستی اور گڈ گورننس کے قیام میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون اور روابط کو مزید مضبوط بنائیں گے۔

### جنوری تا ستمبر 2023ء کے دوران شکایات اور فیصلے

| نمبر شمار | نام ادارہ | شکایات | فیصلے |
|---|---|---|---|
| 1 | پاور کمپنیاں (ڈسکوز) | 55,353 | 57,590 |
| 2 | سوئی گیس کمپنیاں | 14,131 | 13,896 |
| 3 | احساس پروگرام/BISP | 19,224 | 22,640 |
| 4 | پاکستان پوسٹ آفس | 3714 | 3911 |
| 5 | علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی | 5257 | 5965 |
| 6 | پاکستان بیت المال | 1485 | 1550 |
| 7 | نادرا | 3848 | 3666 |
| 8 | ای او بی آئی (EOBI) | 1069 | 988 |
| 9 | اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن | 721 | 703 |
| | **مذکورہ بالا نو اداروں کے خلاف کل شکایات** | **104,802** | **110,909** |
| | **دیگر اداروں کے خلاف شکایات** | **33,961** | **26,956** |
| | **کل تعداد** | **138,763** | **137,865** |

## مظفر گڑھ کے شہری کو پنشن کے بائیس لاکھ روپے مل گئے


مظفر گڑھ کے رہائشی محمد ابراہیم نے وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر ملتان میں درخواست دی کہ وہ اے جی آفس سے ریٹائرڈ ہوا ہے لیکن اسے پنشن کے واجبات ادا نہیں کئے گئے۔ وفاقی محتسب کے انوسٹی گیشن افسر ڈاکٹر زاہد ملک نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ریٹائرڈ ملازم کو اس کا حق دلانے کے لئے کیس کی سماعت کی اور سماعت کے دوران محکمے کے نمائندے کو پنشن کے واجبات ادا کرنے کے احکامات جاری کئے اور کیس کی مسلسل پیروی کر کے پندرہ دن کے اندر محکمہ سے 22 لاکھ روپے کا چیک شکایت کنندہ کو دلوا دیا۔ اس پر شکایت گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا ہے۔ ایک اور کیس میں ڈاکٹر زاہد ملک نے اسٹیٹ لائف انشورنس سے ایک خاتون شکایت گزار کو تین لاکھ روپے دلوا دیئے۔


## ملٹری اکاؤنٹس سے پنشن کے بقایاجات دلوادیئے


وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان میں ایک خاتون شکایت گزار نے درخواست دی کہ کنٹرولر ملٹری اکاؤنٹس لاہور کی طرف سے اسے کافی عرصہ سے پنشن میں اضافہ کی مد میں بقایاجات ادا نہیں کئے جا رہے اور سائلہ بار بار دفتروں کے چکر لگا کر اور درخواستیں دے کر مایوس ہو چکی ہے لیکن شنوائی نہیں ہوئی۔ محکمہ کو سماعت کے لئے طلب کیا گیا تو اس کے نمائندے نے مختلف حیلوں بہانوں سے یہ موقف اختیار کیا کہ شکایت گزار کے بقایاجات نہیں بنتے۔ وفاقی محتسب کے انوسٹی گیشن افسر نے رولز اینڈ ریگولیشنز کا حوالہ دیتے ہوئے محکمے کو ہدایت کی کہ شکایت کنندہ کے بقایاجات ادا کئے جائیں جو اس کا حق ہے۔ اب شکایت کنندہ نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے تصدیق کی ہے کہ بقایاجات کی رقم مبلغ -/11,90369 روپے اس کے اکاؤنٹ میں منتقل کر دیئے گئے ہیں۔

## پرائیویٹ کمپنی کے ملازم کو بقایاجات مل گئے

قصور کے احسان اللہ کو کب میڈیسن کی ایک پرائیویٹ کمپنی میں جولائی 2018ء سے مئی 2023ء تک ملازمت کرتے رہے لیکن کمپنی نے اسے تنخواہ اور بقایاجات کی رقم مبلغ -/335,000 ادا کرنے سے انکار کر دیا تو اس نے وفاقی محتسب کے پروگرام آئی آر ڈی کے تحت درخواست دائر کر دی۔ وفاقی محتسب نے یہ کیس لاہور میں اپنے دفتر کے اسسٹنٹ ایڈوائزر گلزار احمد بٹ کو مزید کارروائی کے لئے بھیج دیا۔ وفاقی محتسب میں کیس کی سماعت کے دوران بابر میڈیسن کمپنی نے شکایت کنندہ کے بقایاجات ادا کرنے پر رضامندی کا اظہار کیا۔ اب شکایت کنندہ نے ایک خط کے ذریعے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے بتایا ہے کہ اسے بقایاجات کی رقم مل گئی ہے۔ شکایت گزار نے وفاقی محتسب کی ٹیم کے تعاون کو سراہتے ہوئے اس کا بھی شکریہ ادا کیا ہے۔










نگران وفاقی وزیر برائے مذہبی امورو بین المذاہب ہم آہنگی انیق احمد تقریب سے خطاب کررہے ہیں۔

**وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں سیرت النبی ﷺ پر تقریری و نعت مقابلہ**

# پیغمبر آخر الزماں ﷺ پوری انسانیت کے لئے نمونہ تھے، انیق احمد

# انسانیت کی کامیابی اسوہ حسنہ کو اپنانے میں ہے، ڈاکٹر آصف محمود جاہ

بارہ ربیع الاوّل کے حوالے سے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ اور وفاقی ٹیکس محتسب کے دفتر میں سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر دو الگ الگ تقاریب کا اہتمام کیا گیا۔ مذہبی امور اور بین المذاہب ہم آہنگی کے وفاقی وزیر انیق احمد مہمان خصوصی تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انسانیت کی کامیابی سیرت طیبہ ﷺ کو مکمل طور پر اپنانے میں ہے۔ پیغمبر آخر الزماں پوری انسانیت کے لئے نمونہ تھے، انہوں نے ہر معاملے میں خود عملی نمونہ پیش کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ نے کہا کہ انسانیت کی کامیابی رسول اللہ ﷺ کے اسوہ حسنہ کو اپنانے میں ہے۔ آپ ﷺ نے زندگی کے ہر شعبہ میں انسانیت کی راہنمائی فرمائی ہے، انہوں نے کہا کہ رسول اکرم ﷺ کی تعلیمات سے پتہ چلتا ہے کہ کسی انسان کے کام آنا بہت بڑی نیکی ہے۔ ڈاکٹر آصف محمود جاہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ نبی اکرم ﷺ نے ہمیں زندگی کے تمام شعبوں میں راہنمائی فراہم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ محتسب کے اداروں میں غریب لوگ اپنے مسائل لے کر آتے ہیں، ان کے کام آنا اور ان کے ساتھ چند قدم چلنا بہت بڑی نیکی ہے۔ تقریب میں سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر تقریری اور نعت مقابلہ بھی کروایا گیا۔ جس میں اول، دوم اور سوم آنے والوں کو بعد ازاں وفاقی ٹیکس محتسب میں ایک تقریب کے دوران مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کے نگران وفاقی وزیر انیق احمد کے ہاتھوں انعامات اور تعریفی اسناد پیش کی گئیں۔ تقریری و نعت مقابلہ میں زہرا ابراہیم، عطاء اللہ توحیدی، خالد سیال، وقاص شاہ، مزمل سعید اور ممتاز احمد نے انعامات حاصل کئے۔

> **نبی اکرم ﷺ نے ہمیں زندگی کے تمام شعبوں میں راہنمائی فراہم کی ہے، محتسب کے اداروں میں غریب لوگ اپنے مسائل لے کر آتے ہیں ان کے کام آنا اور ان کے ساتھ چند قدم چلنا بھی بہت بڑی نیکی ہے**



وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ اسلام آباد میں سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر منعقدہ ایک تقریب میں وفاقی ٹیکس محتسب آصف محمود جاہ اور دوسرے مقررین خطاب کررہے ہیں۔

# آگاہی مہم، کھلی کچہریوں اور او سی آر کی تصویری جھلکیاں



علاقائی دفتر کوئٹہ کے انچارج غلام سرور بروہی سوراب میں کھلی کچہری کے دوران شکایات سن رہے ہیں



علاقائی دفتر فیصل آباد کے انچارج سید غضنفر مہدی ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کھلی کچہری کے دوران



علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کے انچارج عارف خان کنڈی بھکر میں کیسوں کی سماعت کر رہے ہیں



علاقائی دفتر حیدر آباد کے انچارج ڈاکٹر سید رضوان احمد میر پور خاص میں آگاہی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں



علاقائی دفتر پشاور کے ایڈوائزر فرحت اللہ خان کرک میں او سی آر کیسز کی سماعت کر رہے ہیں




علاقائی دفتر سرگودھا کے انچارج مشتاق احمد اعوان FM ریڈیو کے آگاہی پروگرام میں شریک ہیں



علاقائی دفتر کوئٹہ کے احمد وقاص خان خضدار میں شکایات سنتے ہوئے

# آگاہی مہم، کھلی کچہریوں اور او سی آر کی تصویری جھلکیاں



شکایات سنٹر صدرہ میں ڈپٹی ایڈوائزر بختیار گل شکایات سن رہے ہیں



وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی دورہ بہاولپور کے دوران ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



سینئر انوسٹی گیشن افسر عمران خان شکایات سنٹر وانا میں سماعت کے دوران



علاقائی دفتر لاہور کے شاہد لطیف نارووال میں شکایات سن رہے ہیں



علاقائی دفتر گوجرانوالہ کے انچارج میاں محمد شفیع گجرات میں او سی آر شکایات کی سماعت کر رہے ہیں



علاقائی دفتر کراچی کے انچارج سید انوار حیدر فیڈرل ایمپلائز بینوولینٹ اینڈ گروپ انشورنس فنڈز کراچی کا دورہ کرتے ہوئے





وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں معذور اور بزرگ افراد بھی پورے اعتماد کے ساتھ اپنی شکایات لے کر آتے اور ریلیف حاصل کرتے ہیں، وفاقی محتسب کا عملہ ان کی مدد کے لئے ویل چیئر سمیت گیٹ پر موجود ہوتا ہے

1983-2023

years of service

# وفاقی حکومت کے اداروں کی بدانتظامی کے خلاف

# وفاقی محتسب سے شکایت کریں

















وفاقی حکومت کے اداروں جیسے بجلی، سوئی گیس، نادرا، پاکستان ریلوے، پاکستان پوسٹ آفس، بیت المال، پاسپورٹ آفس، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اور دیگر وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف اگر آپ کی کوئی شکایت ہے تو آپ وفاقی محتسب سے رجوع کر کے گھر بیٹھے انصاف حاصل کر سکتے ہیں

وفاقی محتسب میں وفاقی سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایت کرنے کا طریقہ بڑا سادہ اور آسان ہے، کوئی بھی شہری بذریعہ خط، ای میل، ویب سائٹ، موبائل ایپ یا اپنے قریبی مرکزی/علاقائی دفتر آ کر شکایت درج کرا سکتا ہے

## وفاقی محتسب میں شکایت کی نہ کوئی فیس ہے، نہ کسی وکیل کی ضرورت

## وفاقی محتسب میں ہر شکایت کا فیصلہ ساٹھ دن میں کر دیا جاتا ہے

نوٹ: دفاع، امور خارجہ، عدالتوں میں زیر سماعت اور سرکاری اداروں میں ملازمت سے متعلق امور ہمارے دائرہ اختیار میں نہیں آتے۔ ہمارے دائرہ اختیار کے بارے میں مزید جاننے کے لئے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں

/WafaqiMohtasibSecretariatOfficial
ombuds.registrar@gmail.com
/c/WafaqiMohtasibSecretariat
/wafaqimohtasib
www.mohtasib.gov.pk
/store/apps/details?id=com.pk.gov.wafaqimohtasib

36- شاہراہ دستور، بالمقابل سپریم کورٹ آف پاکستان، G-5/2، اسلام آباد

فون نمبر: 92-51-9213886-7 فیکس نمبر: 92-51-9217224

ہیلپ لائن: 1055

بچوں کی شکایات کیلئے: 1056

## وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر

**علاقائی دفتر، لاہور**
3rd,15A فلور، اسٹیٹ لائف بلڈنگ، ڈیوس روڈ، لاہور
فون نمبر: (92)42-99201017-18
فیکس نمبر: (92)42-99201021
ای میل: ombuds.wmsrol@gmail.com

**علاقائی دفتر، کوئٹہ**
سول ڈیفنس بلڈنگ، سمنگلی روڈ، کوئٹہ۔
فون نمبر: (92)81-9202679
فیکس نمبر: (92)81-9202691
ای میل: ombuds.wmsroq@gmail.com

**علاقائی دفتر، بہاولپور**
مکان نمبر 32-C، کیپٹن محمد سرور شہید روڈ، ماڈل ٹاؤن A-، بہاولپور
فون نمبر: (92)62-9255613
فیکس نمبر: (92)62-9255614
ای میل: ombuds.wmsrob@gmail.com

**علاقائی دفتر، حیدرآباد**
اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 03، 6th فلور، ٹھنڈی سڑک، حیدرآباد
فون نمبر: (92)22-9201601
فیکس نمبر: (92)22-9201600
ای میل ایڈریس: ombuds.wmsroh@gmail.com

**علاقائی دفتر، خاران**
ریجنل آفس کوئٹہ روڈ، خاران
فون نمبر: (92)847-510305
فیکس نمبر: (92)847-510305

**علاقائی دفتر: میرپورخاص**
شجاع آباد، تالوکہ کمپلیکس
ڈگری روڈ نزد مکھن سموں
میرپورخاص، سندھ
فون: 021-3407171

**علاقائی دفتر: خضدار**
وفاقی محتسب سیکریٹریٹ
کمشنر آفس، خضدار
فون: 0300-2681375

**علاقائی دفتر، کراچی**
4-B، فیڈرل گورنمنٹ سیکریٹریٹ، صدر، کراچی
فون نمبر: (92)21-9920115
فیکس نمبر: (92)21-99202121
ای میل: ombuds.wmsrok@gmail.com

**علاقائی دفتر، سکھر**
مکان نمبر 107-A، نزد نادرا آفس، سندھی کواپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، ائرپورٹ روڈ، سکھر
فون نمبر: (92)71-9310884
فیکس نمبر: (92)71-9310012
ای میل: ombuds.wmsros@gmail.com

**علاقائی دفتر، فیصل آباد**
بلڈنگ نمبر P-21، نیوسول لائن نزد ٹوٹل پٹرول پمپ، جیل روڈ، فیصل آباد
فون نمبر: (92)41-9201055
فیکس نمبر: (92)41-9201021
ای میل: ombuds.wmsrof@gmail.com

**علاقائی دفتر، گوجرانوالہ**
144-145، 1st فلور، ممتاز مارکیٹ، نزد نادرا ایگزیکٹو آفس جی ٹی روڈ، گوجرانوالہ
فون نمبر: (92)55-9330616
فیکس نمبر: (92)55-9330636
ای میل: ombuds.wmsrog@gmail.com

**علاقائی دفتر، سرگودھا**
آفس آف صوبائی محتسب پنجاب
پی اے ایف روڈ نزد سرکٹ ہاؤس سرگودھا
فون نمبر: (92)48-9330155
فیکس نمبر: (92)48-9330156

**شکایات سنٹر: وانا**
وفاقی محتسب سیکریٹریٹ، شکایات سنٹر
اسسٹنٹ کمشنر آفس، وانا
جنوبی وزیرستان
فون: 0965-211046

**علاقائی دفتر، پشاور**
1st فلور، بنوویلنٹ فنڈ بلڈنگ، پشاور کینٹ، پشاور
فون نمبر: (92)91-9211570
فیکس نمبر: (92)91-9211571
ای میل: ombuds.wmsrop@gmail.com

**علاقائی دفتر، ملتان**
مکان نمبر 15-C، وحدت کالونی، ملتان
فون نمبر: (92)61-9330026
فیکس نمبر: (92)61-9330027
ای میل: ombuds.wmsrom@gmail.com

**علاقائی دفتر، ڈیرہ اسماعیل خان**
پلاٹ نمبر 1، سروے نمبر 79، قائداعظم روڈ نزد جی پی او چوک کینٹ، ڈیرہ اسماعیل خان
فون نمبر: (92)966-9280164
فیکس نمبر: (92)966-9280256
ای میل: ombuds.wmsrod@gmail.com

**علاقائی دفتر، ایبٹ آباد**
کمرہ نمبر 6، ڈسٹرکٹ گورنمنٹ سیکریٹریٹ، ایبٹ آباد
فون نمبر: (92)992-9310538
فیکس نمبر: (92)992-9310549
ای میل ایڈریس: ombuds.wmsroa@gmail.com

**علاقائی دفتر، سوات**
نزد اللہ اکبر مسجد سیدو شریف، سوات
فون: (92)0946-920052
فیکس: (92)0946-920051

**شکایات سنٹر: صدہ**
وفاقی محتسب سیکریٹریٹ، شکایات سنٹر
اسسٹنٹ کمشنر آفس، صدہ، ضلع کرم
فون: 0333-9108025